# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu news Bulletin**
**Date : 23 August 2026**
**Time : 07:40 / PM**

---

**Opening**

آداب
یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں بلال وانی۔
پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

ہیڈلائنز

✓ ۱ ـــــ وزیر اعظم نریندر مودی نے کی خلائی شعبے کے سٹارٹ اپس سے مضبوط خلائی ایکو سسٹم تشکیل دینے تلقین۔

✓ ۲ ـــــ لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے ترقی کیلئے قومی یکجہتی کو دیا اہم قرار // صنعت کے لیڈروں سے کی جموں وکشمیر میں سرمایہ لگانے کی تاکید۔

✓ ۳ ـــــ گذشتہ 12 برسوں میں جموں وکشمیر کی مجموعی صورتحال میں نمایاں بہتری درج // ڈاکٹر جتندر سنگھ۔

اور

✓ ۴ ـــــ نیشنل سپیس ڈے آج۔

PM

وزیراعظم نریندر مودی نے کہاہے کہ خلائی شعبے کے اسٹارٹ اپس نے مرکزی سرکار پر اپنے اعتماد کا اظہار کیا ہے ۔انہوں نے خلائی شعبے کے اسٹارٹ اپس کے چیف ایگزیکٹو افسران سے بات چیت کے دوران مسلسل کوششیں جاری رکھنے اور ایک مضبوط خلائی ایکو سسٹم تشکیل دینے پر زور دیا ہے ۔وزیراعظم نے کہا کہ بھارت میں ایسا سازگار ماحول بنایا جانا چاہئے جہاں دنیا بھر کے افراد خلائی شعبے میں اپنے مستقبل اور کیریئر کیلئے بھارت کو ترجیح دیں ۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ بھارت کم لاگت ،معیاری افرادی قوت اور خطرات مول لینے کی صلاحیت کے باعث عالمی خلائی شعبے میں تیزی سے نمایاں مقام حاصل کرسکتا ہے ۔

LG

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے ترقی کیلئے یکجہتی کو اہم قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ بھارت کی ترقی کا سفر جامع اور روایات کے اقدار پر مبنی ہونا چاہئے ۔نئی دلی میں **IIT Alumni** کونسل کے اہتمام سے منعقدہ ورلڈ **Wisdom** فورم سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وکست بھارت کیلئے بوئے گئے بیج کے خاطر خواہ نتائج سامنے آرہے ہیں اور پچھلے **12** برسوں کے دوران مختلف شعبوں میں تاریخی کامیابیاں حاصل کی گئی ہیں ۔جموں وکشمیر کی ترقی کا ذکر کرتے ہوئے منوج سنہا نے کہا کہ اس خطے کے نوجوانوں کی صلاحیت ،قدرتی وسائل ،سیاحت ،ہارٹیکلچر ،دستکاری اور پن بجلی کا وسیع سرمایہ موجود ہے ۔انہوں نے صنعت کاری کے لیڈروں پر زور دیا کہ وہ جموں وکشمیر میں سرمایہ کاری کریں اور بھارت کی ترقی کے حصہ دار بنیں ۔

جتندر سنگھ

سینئر بی جے پی لیڈر اور وزیراعظم کے دفتر میں وزیر مملکت ڈاکٹر جتندر سنگھ نے کہا ہے کہ گذشتہ **12** برسوں میں جموں وکشمیر کی مجموعی صورتحال میں نمایاں بہتری درج کی گئی ہے اور لوگ اب ماضی کے مقابلے میں پُرامن زندگی گزار رہے ہیں ۔ان باتوں کا اظہار انہوں نے آج سرینگر میں بی جے پی کی ریاستی سطح کی دو روزہ میٹنگ کے افتتاحی اجلاس کے موقعے پر ذرائع ابلاغ سے بات کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ گذشتہ **12** برسوں کے دوران جموں وکشمیر خاص کر وادی کشمیر کی سیکورٹی ،امن اور ترقی کی صورتحال میں ایک انقلابی تبدیلی آئی اور پورا خطہ ایک نئے دور میں داخل ہوگیا۔انہوں نے کہا کہ نوجوان نسل کی فکروسوچ میں خاص طور سے مثبت تبدیلی آگئی ہے اور یہ اب ملک کی تعمیر وترقی میں سرگرم

رول ادا کرنا چاہتے ہیں۔

راجناتھ سنگھ

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے ملک کی سلامتی کیلئے جنگی جہازوں، Offshore Vessels اور دیگر دفاعی شعبوں میں خود انحصاری کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ کولکتہ میں Garden Reach Shipbuilders,Engineers and Yantra انڈیا لمیٹڈ کے پانچ منصوبوں کی بھومی پوجن تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آتم نربھرتا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے معیار، بروقت فراہمی اور دیکھ بھال کی بہتر خدمات پر زور دیا تاکہ بھارت مستقبل میں جہاز سازی کا عالمی مرکز کے طور ابھر کر سامنے آئے۔ انہوں نے دفاعی برآمدات بڑھانے کے لیے معیار کو یقینی بنانے کی ضرورت بھی اجاگر کی۔

کھیل اجلاس

برکس کھیلوں کے وزراء کا اجلاس آج آندھرا پردیش کے وشاکھاپٹنم میں اختتام پذیر ہوا۔ اجلاس کے اختتام پر برکس سپورٹس مشترکہ اعلامیہ کو اپنانے پر اتفاق کیا گیا۔ مشترکہ اعلامیہ میں بات چیت، باہمی احترام اور شمولیات کے ذریعے کھیلوں میں تعاون کو مضبوط بنانے کیلئے برکس ممالک کے عزم کا اعادہ کیا گیا۔ بھارت کی سربراہی میں ہونے والے برکس 2026 کی میٹنگ میں کھیلوں کے وزراء اور رکن ممالک کے سینئر نمائندوں کو ایک ساتھ لایا گیا تاکہ کھیلوں کی ترقی، نوجوانوں کی شرکت اور بین الاقوامی تعاون کو فروغ دینے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا جا سکے۔ میٹنگ میں کھیلوں کے سامان کی تیاری کو مضبوط بنانے اور میک ان انڈیا پہل کے تحت عالمی سرمایہ کاری کو راغب کرنے کے بھارتی منصوبوں پر روشنی ڈالی گئی۔

وقفہ

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔ خبریں اور آکاشوانی کے دیگر پروگرام آپ صرف آکاشوانی کے موبائیل ایپلی کیشن News on AIR، WAVES او ٹی ٹی پلیٹ فارم اور پرسار بھارتی کی ویب سائٹ www.prasarbharti.gov.in کے علاوہ DTH پر بھی سماعت کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ کوئی بھی دوسری ایپ یا ویب سائٹ پرسار بھارتی سے وابستہ یا منظور شدہ نہیں ہے۔

GONG

سپیس ڈے

آج نیشنل سپیس ڈے منایا جارہا ہے۔ یہ دن چندریان **3** مشن کی کامیابی کی یاد میں منایا جاتا ہے۔ پیش ہے ہماری یہ ڈیسک رپورٹ۔

----**V/O**----

مبارک باد

قومی یومِ خلاء یعنی نیشنل Space Day کے موقعے پر نائب صدر سی پی رادھا کرشنن اور وزیر اعظم نریندر مودی نے قوم کو مبارکباد دی ہے۔ نائب صدر نے خلائی تحقیق میں بھارت کی نمایاں کامیابیوں کو سائنسی صلاحیت، اختراع اور عزم کا ثبوت قرار دیتے ہوئے سائنس دانوں، انجینئروں اور ماہرین کی خدمات کو سراہا۔ وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت تیزی سے اپنے خلائی شعبے کو وسعت دے رہا ہے اور نئی نسل کے انجینئر، ڈیزائنر، کوڈر اور سائنس دان جدید ٹیکنالوجی تیار کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نجی خلائی شعبہ عالمی سطح پر اپنی منفرد شناخت بنا رہا ہے اور بھارت عالمی سرمایہ کاروں اپنی طرف راغب کرنے کا مرکز بن چکا ہے۔ مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر جتندر سنگھ نے چندریان 3 کی تاریخی کامیابی کو یاد کرتے ہوئے کہا کہ 23 اگست 2023 کو چاند کے جنوبی قطبی خطے میں کامیاب لینڈنگ نے بھارت کو صفِ اول کی خلائی طاقتوں میں شامل کیا۔

ایل جی مبارک

ادھر لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے بھی نیشنل سپیس ڈے کے موقعے پر اپنے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں بھارتی خلائی ماہرین اور سائنسدانوں کو مبارکباد دیتے ہوئے ان کی محنت، عزم اور صلاحیتوں کی سراہنا کی ہے۔ منوج سنہا نے کہا کہ خلائی ماہرین کی کامیابیوں نے ملک کا وقار بلند کرنے کے ساتھ ساتھ آتم نربھر بھارت کے جذبے کو بھی مضبوط کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کا خلائی پروگرام نوجوان نسل کو سائنس اور خلاء کے میدان میں نئی منزلیں تلاش کرنے کی ترغیب دے رہا ہے۔

C.S

چیف سیکرٹری اٹل ڈلو نے آج شوپیاں ضلعے میں دیگام ناگہ بل میں واقع تاریخی تیرتھ راج کپال موچن مندر پر حاضری دی اور ہون شراون بہہ یاترا میں شرکت کی۔ ہمارے نمائندے جانثار احمد نے خبر دی ہے کہ اٹل ڈلو نے اس تہوار کیلئے ضلع انتظامیہ کی جانب سے کئے گئے انتظامات کا جائزہ لیا۔ یہ تہوار ہر

سال اگست کے مہینے میں منایا جاتا ہے اور اس میں کشمیری پنڈتوں کی ایک بڑی تعداد شرکت کرتی ہے ۔

عید میلاد

عید میلاد النبی ﷺ کے سلسلے میں وادی بھر کی خانقاہوں ،مساجد، زیارتگاہوں اور دیگر بقعہ جات میں خصوصی دینی مجالس کا انعقاد جاری ہے ۔آثار شریف درگاہ حضرتبل میں ایام متبرکہ کے دوران نماز عصر سے نماز مغرب تک ختمات المعظمات، درود واذ کار اور نعت ومناجات کی مجالس آراستہ ہوتی ہیں جبکہ آج بھی وادی کے مختلف علاقوں میں سیرتی تقاریب کا انعقاد ہونے کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں ۔عید میلاد النبی ﷺ کی تقریب سعید **12** ربیع الاول یعنی **26** اگست کو منائی جارہی ہے ۔اس دن درگاہ حضرتبل میں ہر نماز کے بعد فرزندان توحید موئے مقدس آنحضور ﷺ کے دیدار سے فیضیاب ہوتے ہیں ۔انتظامیہ نے عید میلاد النبی ﷺ کے سلسلے میں ٹرانسپورٹ ،بجلی، پانی ،صفائی ستھرائی اور طبی نگہداشت جیسے انتظامات کو حتمی شکل دی ہے ۔

سپیکر

جموں وکشمیر اسمبلی کے سپیکر عبدالرحیم راتھر نے عید میلاد النبی ﷺ کے مبارک موقعے پر عوام کو مبارکباد دی ہے ۔ایک بیان میں انہوں نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ آنحضور ﷺ کی محبت، رحمت ، ہمدردی، اخوت اور بھائی چارے پر مبنی عالمگیر تعلیمات پر عمل پیرا ہوجائیں تا کہ پُر امن، خوشحال اور ہم آہنگ معاشرے کی تعمیر ممکن ہوسکے ۔

این سی

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا ہے کہ مرکزی سرکار کو جموں وکشمیر کے لوگوں کا اعتماد بحال کرنے کیلئے فوری اور مناسب اقدامات کرنے چاہیئں ۔ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ وقت آ گیا ہے کہ مرکز اپنے وعدے کے مطابق جموں وکشمیر کا ریاستی درجہ بحال کرے ۔اس دوران پارٹی کے جنرل سیکرٹری علی محمد ساگر نے آج سرینگر میں ایک عوامی دربار کے دوران لوگوں کو درپیش مسائل کا جائزہ لیا۔انہوں نے لوگوں کے مطالبات پورا کرنے کا یقین دلاتے ہوئے اپنے حلقہ انتخاب کیلئے کئی ترقیاتی منصوبوں کا بھی اعلان کیا۔

بی جے پی اجلاس

بی جے پی کا آج سے سرینگر میں دو روزہ پارٹی اجلاس شروع ہوا جس میں تنظیمی امورات، پارٹی کو بنیادی سطح پر مضبوط کرنے اور عوامی رابطے کو مزید استوار کرنے پر تبادلہ خیال کیا جارہا ہے۔ اجلاس کی صدارت پارٹی کے پردیش صدر اور رکن پارلیمان ست شرما کر رہے ہیں جبکہ افتتاحی اجلاس سے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتندر سنگھ، ممبر پارلیمنٹ جگل کشور، غلام علی کٹھانہ، اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈر سنیل شرما، جنرل سیکرٹری آرگنائزیشن اشوک کول اور سابق نائب وزیر اعلیٰ ڈاکٹر نرمل سنگھ نے بھی خطاب کیا۔

کٹھانہ

سینئر بی جے پی لیڈر اور راجیہ سبھا ممبر غلام علی کھٹانہ نے الزام عائد کیا ہے کہ عمر عبداللہ کی سربراہی والی سرکار نے بجلی فیس کے نرخوں میں اضافہ کر کے عوام دشمن پالیسی کا مظاہرہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ سرکار نے لوگوں کو راحت دینے کے بجائے ان پر اضافی بوجھ ڈال دیا ہے۔

شاہین

جنتا دل یونائٹیڈ جموں وکشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے بارہ مولہ ضلعے میں تاپر۔ بابا ریشی سڑک منصوبے کی تکمیل میں سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کے مرکزی وزیر نتن گڈکری کی ذاتی مداخلت طلب کرتے ہوئے یہ کام جلد از جلد مکمل کرانے کی اپیل کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تاخیر سے عوام، مسافروں اور ٹرانسپورٹروں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

جے شنکر

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر آج سے روس کا دو روزہ سرکاری دورہ کر رہے ہیں۔ اس دوران وہ تجارت، اقتصادی، سائنسی، تکنیکی اور ثقافتی تعاون سے متعلق بھارت روس بین الحکومتی کمیشن کے 27ویں اجلاس کی مشترکہ صدارت کریں گے۔ دورے کے دوران ڈاکٹر جے شنکر روسی وزیر خارجہ Sergey Lavrov سے ملاقات کر کے علاقائی و عالمی امور پر تبادلہ خیال کریں گے۔ یہ دورہ دونوں ملکوں کے باہمی تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کی سمت اہم قرار دیا جارہا ہے۔

FIH ہاکی

**FIH** ہاکی ورلڈکپ میں آج رات بھارتی خواتین ٹیم کامقابلہ آسٹریلیا سے ہوگا۔سیمی فائنل میں پہنچنے کی اپنی امید برقرار رکھنے کیلئے بھارت کو یہ میچ جیتنا ہوگا۔پول **E** کا یہ میچ رات ساڑھے **10** بجے شروع ہوگا۔

بارش

جموں کے مختلف علاقوں میں آج شدید بارشیں ہوئیں جس کے نتیجے میں املاک کو نقصان پہنچنے کی خبریں ہیں ۔موصولہ اطلاعات کے مطابق شہیدی چوک اوراس کے متصل علاقوں میں موسلا دھار بارش ہوئی جس سے معمول کی زندگی متاثر ہوئی۔آکاشوانی نمائندے کے مطابق ادھمپور ،رام بن اور بانہال میں بھی موسلا دھار بارش ہوئی۔اس بیچ سرینگر جموں قومی شاہراہ ٹریفک کیلئے کھلی تھی اورٹریفک کی نقل وحمل معمول کے مطابق جاری ہے۔ادھر کشمیر وادی کے اکثر علاقوں میں بھی آج صبح بارش ہوئی۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے **24** گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش یا گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کاامکان ہے۔سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **27.4** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **15.9** ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **33** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **21.1** ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح **5** بجکر **58** منٹ اورغروب آفتاب شام **7** بجکر **09** منٹ پر ہوگا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔اجازت دیجئے

۔خداحافظ۔

••••••••••••••••••••••••••••